
واسقینٰکم ماءً فراتا
تفسیر فرات (اردو)
تالیف
شیخ المحدثین علامہ
فرات بن ابراہیم کوفیؒ
ترجمہ
ملک العلماء الحاج مولانا
محمد شریف صاحب
پیشکش
قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان علیہ السلام ملتان

حقوق الطبع محفوظة

نام کتاب ———— تفسیر فرات

مؤلف ———— شیخ المحدثین سرکار علامہ
فرات بن ابراھیم کوفی

مترجم ———— ملک العلماء الحاج مولانا
ملک محمد شریف صاحب
مرحوم شاہ رسُولوی ملتان

پیشکش ———— تنظیم حُبِ علی علیہ السلام
لندن انگلینڈ

ناشر ———— قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان
علیہ السلام ملتان

ھدیہ ———— 175/- روپے

اگست 2003ء

تنظیم انتظار مھدیؑ ملتان

۵ ـــــــ بڑی آنکھوں والی حوروں سے شادی کریں گے۔
۶ ـــــــ سب سے پہلے میرے ساتھ علیین میں قیام کریں گے۔
۷ ـــــــ سب سے پہلے رحیق مختوم سے سیراب ہوں گے۔

جابرؓ سے روایت ہے کہ ابو جعفر علیہ السلام نے کہا ـــــــ

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِیَذَّكَّرُوْا۔

یقیناً ہم نے قرآن میں بار بار دلیلیں بیان کیں ہیں تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں
یعنی ہم نے علیؑ کا ذکر ہر آیت میں کیا، مگر لوگوں نے ناپسند کیا۔ ولایت علیؑ کا انکار کیا
ان کی نفرت بڑھتی گئی۔

ابو حمزہ ثمالیؒ سے مروی ہے کہ میں نے ابو جعفر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا ـــــــ

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِیَذَّكَّرُوْا

ہم نے قرآن میں بار بار دلیلیں بیان کیں ہیں تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں
یعنی ـــــــ ہم نے علیؑ کا ذکر کل قرآن میں کیا ہے۔ علیؑ ذکر ہیں۔ لوگوں کی نفرت اور
انکار بڑھتا گیا۔

عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
خدمت میں بیٹھا ہوا تھا۔ اونٹ کے برابر ایک اژدہا نظر پڑا علیؑ نے عصا سے اس کو
مارنا چاہا۔ رسول اللہؐ نے فرمایا ـــــــ

یہ ابلیس ہے۔ میں نے اس سے کچھ شرائط طے کی ہیں۔ یہ تم سے بغض رکھنے
والے کی ماں کے رحم میں شریک ہوتا ہے۔ خداوندِ عالم فرماتا ہے۔

وَشَارِكْهُمْ فِی الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ـــــــ اللہ تعالیٰ نے
شیطان سے کہا کہ ان کے مال اور اولاد میں شریک ہو جا۔